16 مئی 2018ء

# بینک تعطیل

بینک دولت پاکستان یکم رمضان المبارک 1439 ہجری کو عوام سے لین دین کے لیے بند رہے گا کیونکہ اس دن کوز کوۃ کی کٹوتی کے لیے "بینک تعطیل" قرار دیا گیا ہے۔

لہٰذا تمام بینکس / ترقیاتی مالی ادارے / مائیکرو فنانس بینکس یکم رمضان المبارک 1439 ہجری کو عوام سے لین دین کے لیے بند رہیں گے۔ تاہم تمام بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں / مائیکرو فنانس بینکوں کے ملازمین بینک تعطیل پر دفتر میں حاضر ہوں گے اور اسے معمول کا ورکنگ ڈے سمجھا جائے گا (عوام سے لین دین کے علاوہ)۔

*******